B

SL. No : F

یہاں سے کاٹئے

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 42]
Total No. of Questions : 42]

CCE RR
UNREVISED

[ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 12
[Total No. of Printed Pages : 1 2

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **83-U**

Code No. : 83-U

ವಿಷಯ : ವಿಜ್ಞಾನ
Subject : SCIENCE

(ಭೌತಶಾಸ್ತ್ರ, ರಸಾಯನಶಾಸ್ತ್ರ ಮತ್ತು ಜೀವಶಾಸ್ತ್ರ / Physics, Chemistry & Biology)
(ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)
(ಹಳೆ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / Old Syllabus)

(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Repeater)

ದಿನಾಂಕ : 24. 06. 2019]
[Date : 24. 06. 2019

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-30 ರವರೆಗೆ]
[Time : 9-30 A.M. to 12-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು: 80]
[Max. Marks : 80

اس مقام سے کاٹ کر سوالی پرچہ کھولئے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

عام ہدایات :

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 42 سوالات ہیں۔
2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. سوالات کے لئے بائیں ہاتھ کی جانب حاشیئے میں مکمل مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Tear here

مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے **چار** متبادل دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی بیاض میں لکھیں۔ $10 \times 1 = 10$

1. لکڑی کو سکھانے اور سمندری پانی سے نمک علحدہ کرنے کے لئے استعمال ہونے والا آلہ

(A) شمسی برقی خانہ (Solar cell)

(B) شمسی اجماع کنندہ (Solar collector)

(C) شمسی ہیٹر (Solar heater)

(D) شمسی لیمپ (Solar lamp)

2. کونسے عنصر میں الکٹرانی ترتیب کی مثمنی ساخت (Octet) پائی جاتی ہے۔

(A) سوڈیم (جوہری عدد 11)

(B) ارگان (جوہری عدد 18)

(C) کیلشیم (جوہری عدد 20)

(D) لیتھیم (جوہری عدد 3)

3. ٹریپونیما پلائی ڈیم جراثیم سے پیدا ہونے والا مرض

(A) گونوریہ

(B) جنیٹل ہرپس

(C) سائفلِس

(D) ہیپاٹائٹس - B

4. سونار میں پائے جانے والے آلات جو بالا سمعی موجوں کو برقی اشارات میں تبدیل کرتا ہے۔

(A) شناسندہ

(B) اخراج کنندہ/آلہ ترسیل

(C) کنورٹر

(D) جانچ کرنے والا آلہ

5. گڑ کی تیار میں گہرے رنگ کو ختم کرنے والا مادہ

(A) ناریل کا کوئلہ

(B) ہائڈروسال

(C) کلوٹکس

(D) سلیلوز

6. پودوں میں نشونما کرنے والا ہارمون

(A) آکسن (Auxin)

(B) گبرلن (Gibberelin)

(C) سائٹوکائنین (Cytokinin)

(D) ابیسی سک ایسڈ (Abscisic acid)

7. وہ آلہ جو باہمی امالہ پر کام کرتا ہے۔

(A) موٹر (B) ڈائنمو

(C) ٹرانزسٹر (D) ٹرانسفارمر/مبدل

8. بنیادی نسیج جس کے خلیات کے درمیان ہوائی خانے پائے جاتے ہیں۔

(A) کلورن کائما

(B) یرن کائما

(C) اعانتی نسیج

(D) معاون نسیج

9. C_2H_6، C_3H_6، CH_4 اور C_4H_{10} مرکبات کے درمیان سب سے تیز شرح کے ساتھ نفوذ پانے والا مرکب

(A) C_2H_6 (B) C_3H_6

(C) C_4H_{10} (D) CH_4

10. مینڈل کے تجربہ مونو ہائبریڈ میں حاصل ہونے والی نسبت

(A) 3 ہائبریڈ اونچے قد 1 پست قد

(B) 1 خالص اونچے قد 2 ہائبریڈ اونچے قد 1 خالص پست قد

(C) 1 ہائبریڈ اونچے قد 2 خالص اونچے قد 1 خالص پست قد

(D) 1 ہائبریڈ اونچے قد 3 خالص پست قد

11. کالم-A میں نامیاتی مرکبات اور کالم-B میں انکے ضابطے دیئے گئے ہیں۔ مناسب جوڑ لگا کر حروف تہجی کے ذریعہ لکھئے :

4 ×1 = 4

کالم-A	کالم-B
(A) بیوٹائن (Butyne)	(i) C_6H_6
(B) میتھین (Methane)	(ii) C_4H_8
(C) پروپین (Propene)	(iii) C_4H_6
(D) بنزین (Benzene)	(iv) CH_4
	(v) C_3H_8
	(vi) C_6H_{12}
	(vii) C_3H_6

حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھئے : 7 × 1 = 7

12. ہڈی کے گودے کا کام کیا ہے ؟

13. بائل کا کلیہ بیان کیجئے۔

14. موجی توانائی، بادتوانائی سے بہتر ہے۔ کیوں ؟

15. کاربن کی الیکٹرانی ترتیب لکھئے۔

16. تابکار مادے کا حیاتی سالمہ سے ملنے پر کیا اثر ہوتا ہے ؟

17. دو حلقوں کو ایک حلقہ کے دو نصف حصوں سے تبدیل کرنے پر حاصل ہونے والی برق کا نام لکھئے۔

18. ''n-بیوٹین (Butane) اور آئسو بیوٹین (iso-butane) کو ہم ترکیب کہتے ہیں۔'' کیوں ؟

حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھئے : $16 \times 2 = 32$

19. طویل موجوں اور عریض موجوں کے درمیان فرق بتایئے۔

20. تانبا کی تحلیص میں استعمال ہونے والے آلات کی شکل اتار کر حسب ذیل کی نشاندہی کیجئے :

(i) مثبیرہ (Anode)

(ii) منفیرہ (Cathode)

21. عادت ''استعمال کرو اور پھینکو'' کا مٹی پر ہونے والے اثرات کی فہرست بنایئے۔

یا

صنعتیں جو اونچی حرارت کی بھٹیاں استعمال کرتی ہیں ندی کے کنارے نہیں ہونی چاہئیں۔ کیوں ؟

22. پیٹرول انجن کے کام کرنے میں ضرب داخل سمجھایئے۔

23. جدید معیادی جدول کا حصہ ذیل کے جدول میں دیا گیا ہے۔ حسب ذیل دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے :

${}_{5}B^{11}$	${}_{6}C^{12}$	${}_{7}N^{14}$	${}_{8}O^{16}$
${}_{13}Al^{27}$	${}_{14}Si^{28}$	${}_{15}P^{31}$	

(i) سب سے زیادہ آینی توانائی کے نام بتایئے۔

(ii) سب سے بڑا ایٹمی سائز کے نام بتایئے۔

24. دودالیہ پودے کی شکل اتار کر ان حصوں کے نام لکھئے :

(i) مرکزی جڑ

(ii) پتہ

25. ایک حرارتی انجن کی استعداد 30 ہے۔ اگر اس کو 60,000 جول حرارتی توانائی دی جائے تو انجام پانے والا کام محسوب کیجئے۔

26. غیر قلمی سلیکان حاصل کرنے کا طریقہ سمجھائیے :

یا

حسب ذیل تعاملات کے لئے متوازن مساوات لکھئے :

(i) سلیکان کا آکسیجن کے ساتھ تعامل

(ii) سلیکان کا بھاپ کے ساتھ تعامل

27. ''انسان کی تمام زندگی کام کرنے مسلسل کام کرنے کے لئے دل کے عضلات کی ساخت موزوں ہے'' اس کہاوت کو واضح کیجئے۔

28. ایک کشتی سے بالاسمعی موجیں خارج کی گئی سمندر کی تہہ سے ٹکرا کر 6 سکنڈ میں لوٹتی ہیں۔ اگر پانی میں موجوں کی رفتار $1.5\ Kms^{-1}$ ہو تو سمندر کی گہرائی معلوم کرو۔

29. شیشہ کی تیاری میں استعمال ہونے والے خام اشیاء بیان کرو۔

یا

حسب ذیل میں استعمال ہونے والا کاغذ کی قسم بتایئے :

(i) پوسٹ کارڈ

(ii) ڈپ ٹی بیاگ

30. ری کمبائنمنٹ ٹکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے غذا کو عمدہ کیا گیا ہے۔اس کہاوت کو واضح کیجئے۔

31. برقی موٹر کی شکل بنا کر حسب ذیل کی نشاندہی کیجئے :

(i) برش

(ii) آرمیچر کا کوئل

32. جنسی اختلاط سے ہونے والی اموات کی شرح سے زیادہ اموات برڈ فلو سے ہو رہی ہیں۔کیوں ؟

33. شکر کی تیاری میں استعمال ہونے والے مرحلے (Steps) بیان کیجئے۔

یا

سکروز سے ایتھنال (Ethanol) حاصل کرنے کے عمل میں ہونے والے تعاملات کے متوازن مساوات لکھئے۔

34. نینڈرتھل انسان کی خصوصیات لکھئے۔

یا

منگولائڈ انسان کی خصوصیات لکھئے۔

حسب ذیل سوالات کے جواب لکھئے : $5 \times 3 = 15$

35. نیوکلیائی بھٹی کا خاکہ بنائیے اور حسب ذیل کی نشاندہی کیجئے:

(i) حفاظتی خول

(ii) سرد ساز

36. (i) جمنوا سپرمس میں نسلی مبادلہ سمجھائیے۔

(ii) سائکس کی خصوصیات لکھئے۔

37. برقی ملمع کاری میں استعمال ہونے والے آلات کا خاکہ بنائیے اور ان کی نشاندہی کیجئے:

(i) برق پاشیدہ

(ii) اُمیٹر

38. (i) p- قسم اور n- قسم کے نیم موصل کے درمیان کوئی دو فرق لکھئے :

(ii) ڈیود کے دو استعمال لکھئے۔

یا

(i) داخلی اور خارجی نیم موصل کے درمیان کوئی دو فرق لکھئے۔

(ii) اعلیٰ موصل کے کوئی دو استعمال لکھئے۔

39. حیاتی ٹکنالوجی کا حسب ذیل میں استعمال لکھئے :

(i) زراعت

(ii) ادویات

(iii) غذا کے تحفظ

یا

کارل کورنس کے تجربہ کے F_2 نسل کا چکر بورڈ بنایئے اور نامکمل علبیت کے قانون کی جانچ کیجئے۔

حسب ذیل سوالات کے جواب لکھئے : $3 \times 4 = 12$

40. (i) ستارہ کے ارتقاء کے مرحلے لکھئے اور ابتدائی مرحلہ سمجھایئے۔

(ii) کیوں ستارے مختلف رنگوں کے نظر آتے ہیں۔

یا

(i) عظیم دھماکہ نظریہ سمجھایئے۔

(ii) رفتار فرار اور مداری رفتار کے درمیان تعلق لکھئے۔

41. (a) ہیماٹائٹ سے لوہے کی تحصیل میں کوک اور چونے کے پتھر کا کیا کام ہے ؟

(b) حسب ذیل کی تیاری میں استعمال ہونے والے بھرت کے نام لکھئے :

(i) مستقل مقناطیس

(ii) بس کی باڈی

42. انسانی آنکھ کی عمودی تراش اتار کر حسب ذیل کی نشاندہی کیجئے :

(i) آئرس

(ii) رٹینہ